© rasailojaraid.com



# 52 قائد کی کامیابی میں مشیر کا کردار

قائد کو اپنے اردگرد ایسے لوگوں کی ضرورت ہوتی ہے جو اس کے معاملات کو سمجھنے اور درست سمت میں لے جانے میں معاونت کرتے رہیں۔ ایک اچھا اور کامیاب قائد وہی ہوتا ہے جو بڑی عمدگی سے تنظیم کے اندر اور باہر اپنے خیرخواہوں اور مشیروں کا نیٹ ورک تشکیل دینے میں کامیاب ہو۔ اسی لیے اکثر قائدین کی کامیابی و ناکامی کی ذمہ داری مشیروں پر ڈال دی جاتی ہے۔ گویا قائد کی اصل ذمہ داری صحیح مشیروں کا انتخاب ہے۔ اکثر قائدین بالآخر اپنے مشیروں کے اسیر بھی بن جاتے ہیں۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ قائد ایسے مشیروں کا حلقہ پیدا کرے جو:

- صداقت و خیرخواہی سے معمور ہوں' معاملہ فہمی اور قوتِ ادراک رکھتے ہوں۔
- مختلف النوع تجربات و مشاہدات کے حامل ہوں تاکہ مختلف نقطہ ہاے نظر تجزیے کا حصہ بن سکیں۔
- قائد کو حالاتِ حاضرہ اور معاملات کے تمام پہلوؤں سے آگاہ رکھیں۔
- اپنی تخلیقی سوچ کو متحرک کرتے ہوئے قائد کو نئی جہت' نئے انداز سے بھی روشناس کرا سکیں۔
- تنظیم یا معاشرے کو مستقبل میں آگے بڑھا سکیں۔ ماضی اور حال کی گرفت سے باہر نکل کر مستقبل میں جھانک سکیں۔
- اندازِ گفتگو کے بلند معیار کے حامل ہوں۔ سننے کے بھی خوگر ہوں اور صحیح وقت پر' صحیح بات' صحیح انداز میں کر سکیں۔
- بصیرت و معرفت کے قائدانہ تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر قائد کی فکری معاونت کر سکیں۔
- اخلاص کے ساتھ حقِ مشاورت ادا کریں۔ قائد سے قربت کے موقع کو غلط انداز سے استعمال نہ کریں۔
- قائد کی آرا کی از خود تشہیر نہ کریں۔ امانت کی طرح حفاظت کریں۔
- قائد کی خوشنودی اور پسندیدگی کے پیشِ نظر حالات پر اپنی رائے کو توڑ مروڑ کر نہ پیش کریں۔
- مثبت تنقید براے اصلاح پر خصوصی توجہ رکھیں۔

یقیناً ایک کامیاب قائد کو ایسے افراد کی ٹیم کی ضرورت ہوتی ہے جو اس کی کامیابی اور طاقت میں اضافے کا موجب بن سکیں۔

سنابل العلم

© rasailojaraid.com